بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ ۔ عَسٰۤی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

فون نمبر ۴۹ ۔ رجسٹرڈ ایل نمبر ۵۲۵۴

# الفضل

روزنامہ ۔ ربوہ

یوم ۔ جمعرات

ایڈیٹر روشن دین تنویر

The Daily
ALFAZL
RABWAH

قیمت فی پرچہ ۱۵ پیسے

| جلد ۵۹/۲۴ | ۲۲ شوال ۱۳۸۹ھ ۔ یکم صلح ۱۳۴۹ہش ۔ یکم جنوری ۱۹۷۰ء | نمبر ۱ |
|---|---|---|


## اخبارِ احمدیہ

ربوہ ۳۱ فتح ۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی صحت کے متعلق آج صبح کی اطلاع مظہر ہے کہ طبیعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے ۔ حضور کی حرم محترم، حضرت بیگم صاحبہ مدظلہا کی طبیعت بھی بفضلہ تعالیٰ اچھی ہے ۔ الحمد للہ ثم الحمد للہ ۔

احباب حضور ایدہ اللہ اور حضرت بیگم صاحبہ مدظلہا کی صحت و سلامتی کے لئے التزام سے دعائیں کرتے رہیں ۔

ربوہ ۳۱ فتح ۔ حضرت سیدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہ مدظلہا العالی کی طبیعت دل کی کمزوری کی وجہ سے مسلسل ناساز چلی آرہی ہے جس کی وجہ سے تشویش ہے نیز گزشتہ رات سے شدید سردرد کی بھی تکلیف ہے ۔ احباب جماعت خاص توجہ اور درد و الحاح سے دعائیں کریں کہ اللہ تعالیٰ حضرت سیدہ مدظلہا کو اپنے فضل سے صحتِ کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے اور آپ کی عمر میں بے انداز برکت ڈالے ۔ آمین ۔

رحمتوں اور برکتوں کے نزول کا دروازہ کھولنے والا

# جماعت احمدیہ کا نہایت درجہ مقدس و بابرکت ۷۸واں للّٰہی جلسہ سالانہ

## پاکستان کے کونے کونے اور دنیا کے دُور و دراز علاقوں سے شمعِ احمدیت کے ہزاروں ہزار پروانوں کی دیوانہ وار آمد

## تائید و نصرتِ الٰہی کے مہتم بالشان نشانوں کا ظہور ۔ ہر ہر ساعت میں بے شمار فضلوں، رحمتوں اور برکتوں کا نزول

### ایمانی قوت کو بڑھانے والی خدائی بشارت جو امسال پہلے سے بھی بڑھ کر شان اور آب و تاب سے پوری ہوئی

(۱)

ربوہ ۔۔۔۔ ربوہ کی مقدس سرزمین میں خالص تائیدِ حق اور اعلائے کلمۂ اسلام پر مبنی جماعتِ احمدیہ کا نہایت درجہ مقدس و بابرکت ۷۸واں للّٰہی جلسہ سالانہ دعاؤں، ذکرِ الٰہی اور انابت الی اللہ کے رُوح پرور ماحول میں مسلسل تین روز (۲۶ ۔ ۲۷ ۔ ۲۸ فتح ۱۳۴۸ ہش مطابق ۲۶ ۔ ۲۷ ۔ ۲۸ دسمبر ۱۹۶۹ء) جاری رہنے کے بعد نہایت درجہ کامیابی اور خیر و خوبی کے ساتھ اختتام پذیر ہو گیا ۔ یہ جلسہ بھی اللہ تعالیٰ کی ۷۸ سال قبل دی ہوئی بشارتوں کے عین مطابق ان گنت رحمتوں اور برکتوں کے نزول کا دروازہ کھولنے کا موجب بنا ۔ اس طرح اس میں شرکت کی غیر معمولی سعادت سے بہرہ ور ہونے والے اسلام کے ہزاروں ہزار فدائی بے شمار فضلوں، رحمتوں اور برکتوں سے مالامال ہوئے جن کے زیرِ اثر ان کے ایمانوں کو ایک نئی قوت، ان کے قلوب و اذہان کو ایک نئی جلاء اور ان کی روحوں کو ایک نئی بالیدگی نصیب ہوئی ۔ فالحمد للہ علیٰ ذٰلک ۔

بحمد اللہ تعالیٰ اس میں شرکت کرنے والے ہزاروں ہزار خوش نصیب احباب نے آنیوالے مہمانوں کی غیر معمولی کثرت سے متعلق خدائی بشارت کو امسال بھی پہلے سے بڑھ کر شان اور آب و تاب سے پورا ہوتے، تائید و نصرتِ الٰہی کو بارش کی طرح برستے اور صداقت کے مہتم بالشان نشانوں کو بڑی صفائی سے ظاہر ہوتے دیکھا اور اس حالت میں دیکھا کہ ان پر وارفتگی اور اہتزاز کی ایک خاص کیفیت طاری تھی ۔ ان پر وارفتگی اور اہتزاز کی حالت کیوں طاری نہ ہوتی جبکہ جلسہ کے بابرکت ایام میں نزولِ رحمتِ باری کے مشاہدہ پر جذباتِ تشکر سے لبریز ہونے کے باعث حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی طرح ان میں ہر ایک کی رُوح پکار رہی تھی ؂

کیونکر گِن سکوں تیری عنایات
ترے فضلوں سے پُر ہیں میرے دن رات

اور یہ کہ ؂

تری نعمت کی کچھ قلّت نہیں ہے
تہی اس سے کوئی ساعت نہیں ہے
شمارِ فضل اور رحمت نہیں ہے
مجھے اب شکر کی طاقت نہیں ہے
یہ کیا احساں ترے ہیں میرے ہادی
فَسُبْحَانَ الَّذِیْ اَخْزَی الْاَعَادِیْ

اس طرح جلسہ کی عظیم الشان برکات سے بہرہ ور ہونے والے ہزاروں ہزار خوش نصیب تین دن اور تین راتیں ایک نئے آسمان کے نیچے نئی زمین پر بسر کرنے کے بعد اس حال میں اپنے گھروں کو واپس لوٹے کہ ان کے سینے اور ان کے دل خدمتِ اسلام کے نئے عزائم، نئے حوصلوں اور نئے ولولوں سے لبریز تھے ۔ کیوں ایسا نہ ہوتا جبکہ وہ روزانہ ہی حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے رُوح پرور، بصیرت افروز اور ولولہ انگیز خطابات نیز علماءِ سلسلہ کی ایمان افروز تقاریر سے فیضیاب ہوئے ۔ اس طرح انہیں ایسے حقائق اور معارف سے اپنی جھولیاں بھرنے کے بے حساب مواقع میسر آئے جو ایمان اور یقین اور معرفت کو ترقی دینے کے لئے ضروری ہیں ۔ چنانچہ انہوں نے امسال بھی خلافتِ حقّہ کے ایک شیریں اور طیّب و لذیذ ثمر کے طور پر حقائق و دقائق اور علوم و معارف سے حسبِ استطاعت اپنی اپنی جھولیاں بھریں اور ساتھ ہی وہ اللہ تعالیٰ کے پیہم تائیدی نشانوں کے ظہور نیز فضلوں، رحمتوں اور برکتوں کے مسلسل نزول پر اللہ تعالیٰ کے حضور سجداتِ شکر بجا لائے اور اظہارِ تشکر کے رنگ میں انہوں نے یہ تین دن اور ان کی درمیانی راتیں دعاؤں، ذکرِ الٰہی اور عبادت میں بسر کیں اور ان پاک مشاغل میں غیر معمولی شغف و انہماک سے کام لیا ۔

جلسہ کی ایک مستقل اور دائمی برکت کے طور پر اس میں شرکت کی سعادت سے بہرہ ور ہونے والے ہزاروں ہزار احباب نہ صرف یہ کہ سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی اُن عظیم الشان دعاؤں کے وارث بنے جو حضور علیہ السلام نے اس للّٰہی جلسہ میں سال بہ سال شمولیت اختیار کرنے والوں کے لئے جنابِ الٰہی میں پہلے ہی سے کی ہوئی ہیں بلکہ انہیں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی اُن بیش قیمت دعاؤں سے فیضیاب ہونے اور ان کا مورد بننے کا بھی موقع ملا جو حضور ایدہ اللہ نے حسبِ سابق جلسہ کے افتتاح اور

(باقی دیکھیں صفحہ ۸ پر)

مسعود احمد پبلشر نے ضیاء الاسلام پریس ربوہ میں چھپوا کر دفتر الفضل دار الرحمت غربی ربوہ سے شائع کیا ۔

# تقررِ عہدیداران مجلس عاملہ انصار اللہ مرکزیہ

## بابت ۱۳۴۹ہش ۱۹۷۰ء

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی منظوری سے محترم صاحبزادہ مرزا مبارک احمد صاحب صدر مجلس انصار اللہ مرکزیہ نے مندرجہ ذیل اصحاب کو اراکین مجلسِ عاملہ انصار اللہ مرکزیہ برائے سال ۱۳۴۹ہش (۱۹۷۰ء) مقرر فرمایا ہے۔ اللہ تعالیٰ مبارک کرے:۔

**اراکینِ خصوصی:۔**
۱۔ محترم صاحبزادہ مرزا عزیز احمد صاحب
۲۔ محترم چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب

**اراکینِ عمومی:۔**

| | |
|---|---|
| ۱۔ قائد عمومی | محترم شیخ محبوب عالم صاحب خالد ایم۔اے |
| ۲۔ قائد اصلاح وارشاد | محترم مولانا ابوالعطاء صاحب |
| ۳۔ قائد ایثار | محترم نسیم سیفی صاحب |
| ۴۔ قائد تربیت | محترم شیخ مبارک احمد صاحب |
| ۵۔ قائد ذہانت و صحتِ جسمانی | محترم صاحبزادہ مرزا منور احمد صاحب |
| ۶۔ قائد مال | محترم چوہدری ظہور احمد صاحب |
| ۷۔ قائد تعلیم | محترم پروفیسر حبیب اللہ خان صاحب |
| ۸۔ قائد تجنید | محترم چوہدری فضل احمد صاحب |
| ۹۔ قائد تحریکِ جدید | محترم چوہدری شبیر احمد صاحب |
| ۱۰۔ قائد وقفِ جدید | محترم پروفیسر بشارت الرحمٰن صاحب |
| ۱۱۔ قائد اشاعت | محترم مسعود احمد خان صاحب دہلوی |
| ۱۲۔ آڈیٹر | محترم صوفی غلام محمد صاحب |

محمد ابراہیم
سپرنٹنڈنٹ دفتر مجلس انصار اللہ مرکزیہ ۳۰ ۱۲/۶۹

## اعلانِ نکاح

۱۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ ۲۹ ۱۲/۶۹ کو بعد نماز ظہر مسجد مبارک میں ازراہِ شفقت میرے بیٹے انعام اللہ صاحب ہاشمی ایم۔اے مینیجر مسلم کمرشل بنک سلانوالی کا نکاح امۃ الباسط صاحبہ بنت مکرم قریشی عبدالرشید صاحب بی۔اے۔ ایل ایل۔بی ایڈووکیٹ لاہور سے مبلغ تین ہزار روپیہ حق مہر پر پڑھا۔ احباب کی خدمت میں اس رشتہ کے بابرکت ہونے کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

(قریشی عطاء اللہ کارکن دفتر پرائیویٹ سیکرٹری ربوہ)

۲۔ برادرم سید کرامت نور صاحب ابن سید گل نور صاحب مرحوم آف کراچی کا نکاح حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ ۲۹ ۱۲/۶۹ کو بشریٰ نور بنت مکرم شیخ ظہور احمد صاحب کے ہمراہ مبلغ تین ہزار روپیہ حق مہر پر مسجد مبارک ربوہ میں پڑھا۔ بزرگانِ سلسلہ سے درخواستِ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ یہ رشتہ جانبین کے لئے مبارک فرمائے۔ آمین۔

سید شاہ میر احمد اشرف ابن سید علی احمد صاحب انبالوی مرحوم ربوہ

---

ہر صاحب استطاعت احمدی کا فرض ہے کہ وہ اخبار الفضل خود خرید کر پڑھے۔

# رحمتوں کے دِن[1]

مورخہ ۲۶ فتح ۱۳۴۸ہش (۲۶ دسمبر ۱۹۶۹ء) کو جماعتِ احمدیہ کے جلسہ سالانہ کے موقع پر سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ کی افتتاحی تقریر سے قبل مکرم جناب ثاقب صاحب زیروی نے اپنا مندرجہ ذیل کلام خوش الحانی کے ساتھ پڑھ کر سنایا:۔

نظر نظر میں لئے جان و دل کے نذرانے
طوافِ شمع کو پھر آ گئے ہیں پروانے

جبیں پہ گردِ رہِ عشق، دِل میں نُور و سُرور
ہیں آسمانِ عقیدت پہ آج دیوانے

جہانِ درد — لرزتی ہوئی صداؤں میں
محبّتوں کے خزانے — دلوں کے کاشانے

مصافحوں میں لپک اور معانقوں میں خلوص
عطا کیا ہے عجب سوز انہیں مسیحا نے

وہ لوگ آئے ہیں آنکھوں میں شمعِ شوق لئے
جنہیں نہ پُوچھا کبھی کم نگاہ دُنیا نے

زمینِ ربوہ کو سجدوں سے ناپنے کیلئے
مچل رہے ہیں جبینوں میں پاک نذرانے

کِس اہتمام سے اِک "شمعِ انجمن" کیلئے
وفا کے نُور میں ڈوبے ہوئے ہیں پروانے

یہ تین دن بھی عجب رحمتوں کے دن ہوں گے
کھِلیں گے دیدۂ و دل میں گُلوں کے پیمانے

شرابِ نُور سے دھو لو دل و نظر ثاقبؔ
نصیب ہوں کہ نہ ہوں پھر یہ دن خُدا جانے

[1] ایامِ جلسہ سالانہ

# ضرورت

ہمیں اپنی دُکان کے لئے چند سیلزمینوں اور ڈسپنسروں کی ضرورت ہے۔ تنخواہ حسبِ لیاقت معقول دی جائے گی۔

**شفا میڈیکو۔ چوک میو ہسپتال۔ لاہور**



# دلچسپ اور مفید طبّی تجربات

(۱) جناب ملک صلاح الدین صاحب ایم۔اے مولف اصحاب احمد قادیان تحریر فرماتے ہیں:۔
"آپ کی تجویز کردہ "بے بی ٹانک" دونوں بچوں کو استعمال کرا رہا ہوں۔ حیرت انگیز اثر کیا۔ دونوں نے پہلے روز سے مٹی کھانا ترک کر دیا۔"

(۲) مکرم چوہدری محمد امین صاحب اسلامیہ پارک لاہور کی رائے:۔
"پرانے پائیوریا کی وجہ سے میرے مسوڑھوں سے بہت خون نکلتا تھا اور دانت ہلتے تھے "اینٹی پائیوریا" کھانے سے نہ صرف خون نکلنا ہی بند ہو گیا بلکہ دانت بتدریج مضبوط ہوتے جا رہے ہیں۔" اینٹی پائیوریا" واقعی حیرت انگیز دوا ہے۔"
قیمت مکمل کورس -/۱۰ روپے۔ تفصیلی لٹریچر بالکل مفت

(۳) مکرم قریشی محمد حنیف صاحب قمر علوی سائیکل سوار سیاح تحریر فرماتے ہیں:۔
"میری بیٹی جوڑوں اور اعصاب کے دردوں سے بیمار تھی میں نے "پینیز کیور" استعمال کرائی۔ میری بیٹی کا بیان ہے کہ خدا تعالیٰ کے فضل سے اس دوا کی صرف چار خوراکوں سے ہی مجھے مکمل آرام آ گیا۔"
قیمت -/۱۰ روپے۔ تفصیلی لٹریچر بالکل مفت

(۴) مکرم راجہ شیر علی صاحب سلطان پورہ روڈ لاہور:۔
"میری بیوی آٹھ سال سے پائیوریا اور کیریز کے خطرناک مرض میں مبتلا تھی۔ ماہر ڈاکٹروں نے دانت نکلوانے کا مشورہ دیا لیکن "اینٹی پائیوریا" اور "اینٹی کیریز" سے اُسے بہت فائدہ ہوا۔ میں اپنے تجربہ کی بناء پر کہتا ہوں کہ ان ادویات کی موجودگی میں دانتوں کی امراض کو لاعلاج کہنا بالکل غلط ہے۔"
اینٹی پائیوریا -/۱۰، اینٹی کیریز -/۱۰ تفصیلی پمفلٹ بالکل مفت

(۵) مکرم چوہدری نور محمد صاحب چیف اکاؤنٹنٹ کریسنٹ فیکٹریز لمیٹڈ بوریوالہ ضلع ملتان:۔
"میں خونی بواسیر میں مبتلا تھا ہر چند ادویات کا استعمال کیا مگر خاطر خواہ افاقہ نہ ہوا۔ میں نے چار خوراک کی ایک ڈبیہ "پائلز کیور" استعمال کی۔ اللہ تعالیٰ نے شفا بخشی ایک سال گزر چکا نہ خون آیا نہ کھجلی ہوئی یہاں تک کہ مسّے سکڑ کر قریب الاختتام ہو گئے ہیں۔"
مکمل کورس -/۱۰ روپے۔ تفصیلی پمفلٹ بالکل مفت

**کیور ویٹو میڈیسن کمپنی رجسٹرڈ۔ ۳۵ کمرشل بلڈنگ مال۔ لاہور**
**ڈاکٹر راجہ ہومیو اینڈ کمپنی متصل ڈاک خانہ گول بازار ربوہ**






# ایک پنتھ دو کاج

پوسٹ آفس سیونگ بینک میں بچت جمع کرانے سے آپ کو بھی فائدہ اور آپ کے ملک کو بھی فائدہ۔ ایک طرف تو آپ اپنی بچت اور اس کے منافع کی رقم سے اپنے لئے اور اپنی اولاد کے لئے بہتر زندگی کے سامان مہیا کر سکتے ہیں۔ دوسری طرف آپ کی بچت تعمیری کاموں پر صرف ہوتی ہے ملک کے تعمیری اور تحقیقی ادارے ذرائع آمد و رفت اور چالنا بندرگاہ اور تربیلا بند جیسے عظیم منصوبوں کو عملی جامہ پہنانے کے لئے جو سرمایہ لگایا جا رہا ہے اس میں وہ رقمیں بھی شامل ہیں۔ جو آپ پوسٹ آفس سیونگ بینک میں جمع کراتے ہیں۔

**پوسٹ آفس سیونگ بینک میں نفع بھی سب سے زیادہ ملتا ہے**

شرح منافع کی شرح

| | |
|---|---|
| عام حسابات پر .................... | ۵½ فی صد |
| میعادی حسابات پر | |
| ۶ ماہ یا زائد اور ۱۲ ماہ سے کم مدت کے لئے | ۵¾ فی صد |
| ۱۲ " " " ۲۴ " " " " | ۶ " " |
| ۲۴ " " " ۳۶ " " " " | ۶½ " " |
| ۳۶ " " " " مدت کے لئے | ۷ " " |

**پوسٹ آفس سیونگ بینک**

POB-1/69



**ملکی و غیر ملکی ہوائی سفری سہولتوں کیلئے**

**رائل ٹریول سروس ربوہ**

کی خدمات حاصل کریں

مینجر:۔ جی۔ ایم محسن



**ایس۔ ایم یوسف اینڈ سنز**
برقعہ سپیشلسٹ
لیڈیز اینڈ جنٹس ٹیلرز
نزد ناز سینما مشن روڈ لاہور
Lahore



**دوربین اور میرزائی**
کے بعد ڈاکٹر شفیع احمد مرحوم کا
دلچسپ ناول
**فلسفی محبوب**
ہر کتب فروش سے حاصل کیجئے


درخواستِ دعا:۔ خاکسار کے والد محترم عرصہ ایک ماہ سے سخت بیمار ہیں کمزوری بہت ہو گئی ہے۔ احباب جماعت سے کامل صحت اور لمبی عمر کے لئے درخواستِ دعا ہے۔
(ملک سید احمد ابن ملک محمد شفیع کوٹلہ لکڑی مرچنٹ بدین ضلع حیدرآباد)

